## Islams fem søyler

I et hus er det søyler. Akkurat som stolper som holder huset oppe. Islam har fem søyler, de religiøse pliktene som pålegges enhver voksen muslim, som holder troende oppe.  Disse pliktene pålegges begge kjønn.

1 Trosbekjennelsen (shahada). Shahada er den islamske trosbekjennelsen - «Det er ingen Gud uten Allah, og Muhammad er hans profet *(rasul)*.»

2) Den rituelle bønnen (salah). Salah er en religiøs plikt for alle troende. Den rituelle bønnen er omtalt i Koranen, i hadith-litteraturen, og behandlet i rettslitteraturen

3) Den rituelle avgiften (zakat). Zakat er en obligatorisk plikt for folk som har råd til det, rituell avgift eller skatt som omtales i Koranen. Og innebærer at den troende plikter å gi 2,5 % av sitt årlige overskudd til gode formål. Hvis muslimer har mer enn en gitt mengde gull eller sølv smykker så må de betale zakat på det også. Zakat betales direkte til fattige og trengende.

4) Ramadan/Fasten (sawm).  Sawm betyr å faste. Det betyr at de kan ikke spise fra daggry til solnedgang.  Ramadan feires hvert år i den niende måned i den muslimske kalenderen.

5) Pilegrimsferden til Mekka (hajj). Hajj er obligatorisk pilegrimsferd til Mekka for de som har midler (finansielle) eller helse til det. Pilegrimsferden feires hvert år i den tolvte måned i den muslimske kalender.

# اسلام کے پانچ ستون

ہر گھر کو ستون کے ساتھ بنایا جاتا ہے۔ بالکل ایسے ہی جیسا کہ گھر کو مضبوطی سے کھڑا رکھنے کے لئے ستون کی ضرورت ہوتی ہے اسی طرح اسلام کے پانچ ستون ہیں ، یہ وہ بنیادی فرائض ہیں جو ہر مسلمان پر فرض کیا گیا ہے۔یہ فرائض ہر مرد اور عورت پر یکساں لازم ہیں ۔

۱۔ ایمان (شہادت) شہادت دین اسلام کا لازمی جز ہے۔ اس کا مطلب ہے کہ کوئی اللہ نہیں ہے ماسوا اللہ تعالی کے، اور محمدﷺ اللہ کے آخری رسول ہیں۔

۲۔نماز (صلاۃ ) نماز تمام اہل ایمان پر فرض ہے۔نماز کا ذکر قران ، حدیث کے لٹریچر میں موجود ہے۔ اور اس کو ادا کرنے کے بارے میں فقہ کی کتابوں میں بیان کیا گیا ہے۔

۳۔ زکوٰۃ۔ زکو ۃ کی ادائیگی ہر صاحب نصاب مسلمان مرد اور عورت پر فر ض ہے ۔ قرآن کے مطابق اس کا مطلب ہے کہ ہر اہل ایمان پر لازم ہے کہ وہ اپنی سالانہ بچت سے ڈھا ئی فیصد رقم او ر اگر سات تولے سے زائد زیورات ہوں تو ز کواۃ ادا کریں ۔ زکوۃ غریبوں اور ضرورت مندوں کو دی جاتی ہے۔

۴۔ روزہ ۔ (صو م) کے معنی روزہ کے ہیں ۔ روزہ سورج طلوع ہونے سے پہلے اور غروب ہونے تک کچھ نہ کھانے پینے کو کہتے ہیں۔ رمضان ہر سال اسلامی ہجر ی کیلنڈر کے مطابق نویں مہینے میں منایا جاتا ہے۔

۵۔ حج ۔ حج میں مکے تک سفر کیا جاتا ہے ۔ حج بھی زکاۃ کی طر ح صاحب نصاب پر فرض ہے۔ حج ہر سال اسلامی ہجری کیلینڈ کے بارویں مہینے ذا لحج میں ادا کیا جاتا ہے۔




Illustrasjon: Pixabay

## Ramadan/ fastemåneder

Ramadan er den muslimske kalenderens niende måned.

Ifølge troen var det under ramadan at profeten Muhammed mottok sin første åpenbaring. Siste ti dager annen hver dag i ramadan (dvs. den 21. 23. 25. 27. og den 29.) er det Sabeqadar/ lelatulqadar. En av de dagene mener muslimer at de fikk koranen men 27. dagen er autentisk.

I fastemåneden skal friske, voksne muslimer avstå fra mat, drikke, sex, røyking og krangling fra soloppgang til solnedgang.

Fasten er ingen plikt for barn, pluss at kvinner som er gravide, har menstruasjon, nettopp har født eller ammer er fritatte. Også syke, gamle eller folk på reise er fritatt.

Hensikten er å føle ydmykhet, medfølelse og takknemlighet gjennom fysisk, moralsk og åndelig disiplin.

Siden den islamske kalenderen følger månefasene, kommer ramadan til ulike tider hvert år. Muslimske måneder har 29 eller 30 dager derfor kommer ramadan i forskjellige årstid. Alle muslimer i er vant til å faste i alle slags vær og tid. For eksempel om vinteren har man korte dager og om sommeren har man lange dager.

## رمضان۔ روزہ رکھنے کا مہینہ

دیا تھا۔رمضان اسلامی کیلنڈر کے نویں مہینے میں ہوتا ہے۔ مسلمانوں کے ایمان کے مطابق رمضان کے مہینے میں محمد ﷺ پر سب سے پہلی وحی اُتری تھی ۔ قرآن رمضان کے مہینے میں ہی مکمل کیا گیا ۔ رمضان کے بیسویں شب سے ہر طاق رات شب قدر یا لیلتہ القدر (وہ بڑی رات جس رات کو قرآن جس میں قرآن نا زل ہوا) کہلاتی ہے اور ستائسویں شب سب سے مستند مانی جاتی ہے۔

رمضان کے مہینے میں صحت مند اور بالغ مسلمانوں کو کھانے ،پینے سے دور رہنا ہے اس کے ساتھ ساتھ جنسی مباشرت ، سگریٹ نوشی او ر لڑائی جھگڑے اور فضول گوئی کرنے سے بھی سورج طلوع اور غروب ہونے تک پرہیز کرنا ہے ۔ روزہ بچوں کے لئے فرض نہیں ہے، اس کے ساتھ حاملہ عورتوں ، ماہواری میں مبتلا خواتین،زچہ اور دودھ پلانے والی خواتین پر بھی فرض نہیں ہے، اس کے علاوہ بیمار ، بزرگ اور مسا فر بھی روزہ رکھنے کے پابند نہیں ہیں۔

روزہ کا مقصد ہے کہ اپنے آپ میں عاجزی پیدا کرنا ،دوسروں کا خیال رکھنا ، شکر گذار ہونا ،جسمانی، اخلاقی اور روحانی نظم و ضبط کے ذریعے اپنے آپ کو مضبوط کرنا ہے۔

چونکہ اسلامی کیلنڈر چاند کے مراحل یعنی چاند کے طلوع و غروب پر منحصر ہوتا ہے۔اس لئے اسلامی مہینہ ۲۹ یا ۳۰ دن کا ہوتا ہے اس وجہ سے رمضان ہر سال

مختلف اوقات میں  آتا ہے۔  ہر مسلمان اپنی زندگی میں روزہ ہر موسم میں اور  مختلف اوقات کے روزہ رکھنے کا عادی ہوتا ہے  مثلاً  جب  روزہ  سردی  میں آتا ہے تو چھوٹا ہوتا ہے اور جب گرمی میں آتا ہے   تو  لمبا ہوتا ہے۔



Foto: Pixabay

## Id al-fitr

Id al fitr blir ofte bare kalt id eller eid. Det er en muslimsk høytid som markerer slutten på fastemåneden ramadan. Den blir feiret med bønnesamlinger, gjestebud med åpen hus hvor man besøker hverandre og serveres masse god mat.

Man tar på seg nye klær. Jentene pynter sin hendene med henna maling. Barna får gaver eller penger som kalles for idi, og det er stor dag for dem.

Det er vanlig å besøke gravsteder og gi gaver til hverandre.

I forbindelse med Id festen betaler man obligatorisk fasteavgift som kalles zakat al-fitr for hvert familie medlem. I år var det 50 kroner pr person. Avgiften skal gå til de trengende. Den må ikke forveksles med Zakat.

De troende takker Gud for at han gav dem styrke til å gjennomføre fasten. Id feiringen tar til ved solnedgang på siste dagen i ramadan/ faste måneder. Festen varer tre dager.

## عید الفطر

عید الفطر کوصرف عید بھی کہا جا سکتا ہے۔ ماہ رمضان مسلمانوں کے سب سے بڑے تہوار عید الفطر کے ساتھ ختم ہوتا ہے۔ یہ دن اجتماعی طور پر عید کی نماز ادا کرنے کے ساتھ شروع ہوتا ہے، ہر گھر دعوت عام کے لئے کھلا ہوا ہوتا ہے جہاں سب ایک دوسرے سے ملنے جاتے ہیں۔اور بہت مزےدار کھانے پیش کئے جاتے ہیں۔ اور سویوں کی مختلف قسمیں یعنی شیر خورمہ اور زردہ پیش کرنا ضروری ہے۔

لوگ نئے کپڑے پہنتے ہیں۔ لڑکیا ں اپنے ہاتھوں میں مہندی لگاتی ہیں۔ بچوں کو تحفے یا روپے پیسے جسے عیدی کہتے ہیں ملتے ہیں۔ یہ دن بچوں کے لئے بہت بڑا دن ہوتا ہے۔

سب اس دن اپنے بچحڑ ے ہوئے لوگوں کی یاد میں قبرستان بھی جاتے ہیں۔

مسلمان اللہ تعالی سے شکر ادا کرتے ہیں کہ اللہ تعالی نے اُن کو اتنی ہمت اور طاقت دی کہ انھوں نے رمضان کے روزہ مکمل کئے۔ عید رمضان کے آخری دن سورج غروب ہونے کے بعد سے شروع ہو جاتی ہے۔اور یہ تہوار تین دن تک جاری رہتا ہے۔

**Spørsmål til teksten:**

- Hvor mange søyler er det i Islam og hva menes med dette?
- Skriv litt om de fem søylene?
- Hvilke måned i muslimske kalender har ramadan?
- Hvor mange dager er det i muslimske kalender?
- Hvorfor faster muslimer i Ramadan?
- Hvem fikk Quran i ramadan?
- Hva er det viktigeste å gjøre i ramadan?
- Hva forventer muslimer etter ramadan?
- Hva er id/ eid?
- Hva gjør muslimer på id dagene?

## رمضان کے موضوع پر سوالات :

۔ اسلام کے کتنے ستون ہیں اور اُن کے کیا مطلب ہیں؟

۔ اسلام کے ستون کے بارے میں کچھ لکھئے ؟

۔ اسلامی کیلنڈر کے کس مہینے میں رمضان ہے؟

۔ اسلامی مہینے میں کتنے دن ہوتے ہیں؟

۔ مسلمان رمضان کے مہینے میں روزے کیوں رکھتے ہیں؟

۔کون سے نبی پر رمضان میں قرآن نازل ہوا تھا ؟

۔ رمضان میں مسلمانوں کو کون کون سی اہم احکامات پر عمل کرنی چاہئے ؟

۔ رمضان اپنے رخصت ہو جانے کے بعد ہم سے کیا توقعات رکھتا ہے؟

۔ عید کا تہوار کیا ہے؟

۔ مسلمان عید کے تہوار کو کس طرح مناتے ہیں ؟